تبصرے

مدارج سلوک: از ڈاکٹر میر ولی الدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ ۔ تقطیع متوسط۔ ضخامت ۲۷۸ صفحات، کتابت وطباعت بہتر، قیمت مجلد پانچ روپیہ ۔ پتہ :- مجلس معارف القرآن، دارالعلوم دیوبند۔

سلوک وطریقت کی غرض وغایت تقرب مع اللہ ہے، لیکن یہ صفت کب اورکس طرح حاصل ہوتی ہے ؟ یہی درحقیقت تصوف کا موضوع ہے، اس کتاب میں اولیائے کرام اورصوفیائے عظام کے اُن طریقوں کو بیان کیا گیا ہے جن سے یہ مقصد اور اُس کے ثمرات ونتائج حاصل ہوتے ہیں یہ طریقے چار ہیں

۱۔ تذکیۂ نفس یعنی نفس کو مذموم حیوانی اوصاف سے پاک کرنا۔

۲۔ تصفیۂ قلب : قلب کو غمِ دنیا اور اندیشۂ سود وزیاں سے آزاد کرنا۔

۳۔ تخلیۂ سِر: یعنی سِر جو ایک لطیفۂ ربّانی ہے اُس کو ماسوائے حق سے آزاد کرنا۔ اور

۴۔ تجلیۂ سِر: روح کو انوار وتجلیاتِ حق سے منور کرنا ۔ فاضل مصنّف نے ان چاروں طریقوں کی تشریح وتوضیح بڑے دلچسپ اور موثر انداز میں کی ہے اوراس سلسلہ میں مختلف سلاسلِ تصوف، چشتیہ، نقشبندیہ، سہروردیہ اور قادریہ کے معمولات اور اُن کے اذکار واوراد کا ذکر کیا ہے، فاضل مصنف مرحوم کی عادت اور طرزِ تحریر کے مطابق جگہ جگہ صوفیائے کرام کے عمدہ وجد ولولہ انگیز اشعار نے کتاب کو پراز معلومات ہونے کے ساتھ بے حد وجد آفرین بھی بنا دیا ہے، اس کا مطالعہ ہم خرما وہم ثواب کا موجب ہوگا۔

توحید سے تثلیث تک : ازجناب ایس ۔ ایم شریف قریشی، تقطیع خورد، ضخامت